مذہبِ شیعہ
تصنیف
حضرت شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی ○ پاکستان

تصنیف

حضرت شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی ○ پاکستان

نام کتاب	مذہب شیعہ
مصنف	شیخ الاسلام علامہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ
بفیضان نظر	حضرت خواجہ محمد حمید الدین سیالوی برکاتہم العالیہ
تاریخ اشاعت	ستمبر 2004ء
تعداد	دو ہزار
ناشر	محمد حفیظ البرکات شاہ
کمپیوٹر کوڈ	1Z251
قیمت	42/- روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-221201 1-2630411۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- zquran@brain.net.pk

حضرت قبلہ غریب نواز ڈرائیور کے ساتھ پہلی نشست پر تشریف فرما تھے۔
دھماکہ سن کر ارد گرد سے لوگ دوڑے ہوئے آئے حضرت کو باہر نکالا گیا آپ کی
دائیں ٹانگ کی پنڈلی کی ہڈی کریک ہوئی تھی۔ چہرہ مبارک اور جسم کے دوسرے
حصے بالکل صحیح سلامت تھے آپ کو کار سے نکال کر جب باہر چارپائی پر ڈالا گیا تو ایک
آدمی نے پانی پیش کیا۔ آپ نے پینے سے انکار کر دیا۔ فرمایا: میں روزہ سے ہوں۔ پھر
ٹرک میں چارپائی بچھا کر لٹادیا گیا اور ڈسٹر کٹ ہسپتال سرگودھا لایا گیا۔

اس المناک حادثہ کی خبر، جنگل کی آگ کی طرح آنا فانا پھیل گئی۔ لوگوں کے
ٹھٹ کے ٹھٹ ہسپتال میں جمع ہو گئے۔

بھیرہ میں ہمیں شام کے بعد اس حادثہ کی اطلاع ملی، لیکن اطلاع دینے والے
نے ساتھ یہ بھی بتایا: حضور بخیر وعافیت ہیں۔ دوسری صبح سویرے عیادت اور
زیارت کے لئے میں مع اپنے عزیزوں کے سرگودھا پہنچا۔ اس وقت ڈاکٹر صاحبان
مرہم پٹی کر رہے تھے۔ ہسپتال کا سارا کھلا میدان نیاز مندوں اور عقیدت مندوں
سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ سب کی زبان پر کلمات شکر تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے
کریم آقا کو اس جانکاہ حادثہ سے بچالیا ہے۔

ہم لوگ خوش تھے کہ تقدیر کی کمان کا تیر خطا ہوا، لیکن تقدیر ہماری کم نگاہی پر
مسکرا رہی تھی۔

دو روز تک آپ ڈسٹر کٹ ہسپتال سرگودھا میں زیر علاج رہے۔ صدر محترم
جنرل محمد ضیاء الحق کو جب اس سانحہ کا علم ہوا تو بے چین ہو گئے، ہر دس پندرہ منٹ
کے بعد حضرت کی خبر گیری کے لئے فون کرتے رہے اور ڈاکٹروں کو تاکید کرتے
رہے کہ علاج معالجہ میں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔

سترہ رمضان المبارک کو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ آپ کو علاج کے لئے سی ایم
ایچ لاہور لے جایا جائے۔ چنانچہ آپ کو وہاں لے جایا گیا وہاں کے ڈاکٹروں نے جب